تبصرے

فیض الرحمٰن از مولانا یعقوب الرحمٰن عثمانی مرحوم تقطیع کلاں ضخامت ۱۴۴ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت دو روپیہ آٹھ آنے۔ پتہ :۔ مکتبہ فیض القرآن دیوبند (یوپی)

مولانا یعقوب الرحمٰن عثمانی نے قرآن مجید کی ایک تفسیر لکھنے کا عزم کیا تھا۔ لیکن ابھی اُس کا حصہ اوّل جو اعوذ باللہ بسم اللہ اور الحمد للہ اور معوذتین کی تفسیر پر مشتمل ہے اسی کو لکھنے اور شائع کرنے پائے تھے کہ موت کا پیغام آپہنچا۔ کار دنیا کسے تمام نکرد۔ زیر تبصرہ کتاب یہی حصہ اوّل ہے۔

مولانا مرحوم بہت صاف شستہ زبان میں بولتے اور لکھتے تھے اور ایک بات کو خوب اچھی طرح سامعین کے ذہن نشین کر دیتے تھے۔ اس بنا پر یہ انداز اس حصہ میں بھی قائم ہے۔ مذکورہ بالا آیتوں اور صورتوں کی لفظی تحقیق و تفسیر کے بعد ہر سورت کا مقصد۔ اُس کے احکام اور اُس کے اسرار و رموز اور اس سے متعلق دوسرے مباحث اس عمدگی اور سلاست کے ساتھ بیان کئے گئے ہیں کہ ایک غیر عالم اردو خواں بھی ان سے دینی فائدہ کے علاوہ علمی استفادہ بھی کر سکتا ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کو مقبولیت عطا فرمائے اور مرحوم کے لئے آخرت میں اجر ذخر بنائے ! آمین" جو حضرات عربی کی تعلیم کے بغیر قرآن مجید کے احکام و مسائل اور اُس کے اسالیب بیان کو سمجھنا چاہتے ہیں انہیں اس کتاب کا ضرور مطالعہ کرنا چاہیئے۔

حیات اکبر الہ آبادی تسوید سید عشرت حسین مرحوم ترتیب و تہذیب از ملا واحدی دہلوی تقطیع کلاں ضخامت ۳۳۲ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ اور دیدہ زیب قیمت مجلد درج نہیں۔ پتہ بزم اکبر کراچی۔

حضرت اکبر الہ آبادی ایسا حکیم شاعر صدیوں میں پیدا ہوتا اور کسی قوم کو خوش قسمتی سے ہی ملتا ہے لیکن یہ دیکھ کر بڑا افسوس ہوتا تھا کہ قوم نے اس گوہر گرانمایہ کی قدر اُس کی شایان شان نہیں کی اور بہت جلد انہیں بھلا دیا اب بڑی خوشی کی بات ہے کہ پاکستان کے چند زندہ دل جوان ہمت ارباب